**Press Release**
**April 27, 2016**
***For immediate release***

**SECP notified draft Advisers and Consultants to the Issue of Securities Rules for public opinion**

**Islamabad, April 27:** With the approval of the federal government, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has notified the draft Advisers and Consultants to the Issue of Securities Rules, 2016, vide notification No.S.R.O.356(I)/2016, and also placed the same on its website for public opinion within 30 days.

The rules shall be applicable to a person who provides services as an advisor and consultant to any public offer of securities like initial public offering, secondary or subsequent public offering, divestment of shares to the public by the substantial shareholders and right offers.

The advisers and consultants to the issue of securities play an important role in capital formation. They not only provide guidance to corporates that need funds for their businesses but also conduct due diligence, prepare contracts and offering documents, act on behalf of their clients, i.e. the issuer and offerors in getting necessary approvals from the regulatory authorities. Keeping in view the vital nature of their role, it is imperative that their affairs as advisors and consultants to the public offer of securities be properly regulated.

The draft rules encompass among others, eligibility for licensing, functions, responsibilities and restrictions etc.

It is expected that regulating this activity will help improve skill development of advisors and consultants, more disciplined primary market, quality services to the issuers and bring efficiency and transparency in the public offering of securities.

حصص کی عوامی پیشکش کے لئے مقرر کئے جانے والے مشیروں کو ریگولیٹ کرنے کے قوائد کا مسودہ جاری : ایس ای سی پی

اسلام آباد ( ۲۷ اپریل ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ، وفاقی حکومت کی منظوری سے حصص کی عوامی پیشکش کے لئے مقرر کئے جانے والے مشیروں اور کنسلٹنٹ کو ریگولیٹ کرنے کے لئے قوائد کا مسودہ عوامی آراء کے لئے جاری کر دیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد اور ادارے ان قوائد کے مسودے پر اپنی تجاویز اور آراء سے کمیشن کو تیس دن کے اندر اندر آگاہ کر سکتے ہیں۔

ایڈوائزر اینڈ کنسلٹنٹ ٹو ایشو آف سکیورٹیز رولز 2016 ان تمام افراد پر لاگو ہوں گے جو کہ حصص کی بذریعہ عوامی پیشکش ، ابتدائی پبلک آفر، سکینڈری آفر، اکثریتی شیئرز ہولڈرز کی جانب سے شیئرز کی ڈیوسٹمنٹ یا رائٹ آفرنگ کے لئے بطور مشیر یا کنسلٹنٹ خدمات دینے کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں۔

ان قوائد میں مشیروں اور کنسلٹنٹ کی رجسٹریشن و لائسنس کے طریقہ کار ، ان کی اہلیت، فرائض و ذمہ داریوں اور شرائط و پابندیوں کو بیان کیا گیا ہے۔ حصص کی فروخت اور پیشکش کے ایڈوائزر اور کنسلٹنٹ سرمائے کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ مشیر نہ صرف کمپنیوں کو کیپٹل مارکیٹ سے سرمائے کے حصول کے لئے ،مشاورت فراہم کرتے ہیں بلکہ ان کمپنیوں کے لئے مارکیٹ کا جائزہ، ماہدے کی تیاری اور آفرنگ کی دستاویزات اور ریگولیٹرز اور اسٹاک ایکس چینج سے ضروری اجازت ناموں کے حصول میں بھی معاونت فراہم کرتے ہیں۔ حصص کی فروخت کے لئے مشیروں کے اہم ذمہ داری کو دیکھتے ہوئے ان کو ریگولیٹ کرنے کے لئے قوائد بنائے گئے ہیں۔ امید ہے کہ اس شعبہ کے باقاعدہ ریگولیٹ ہونے سے حصص کی فروخت کے لئے مشیروں کی کارکردگی میں اضافہ ہو گا جس سے کارپوریٹ کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کو اعتماد اور بہتر خدمات حاصل ہو ں گی۔

مجوزہ قوائد میں کی تیاری میں تمام شراکت داروں سے مکمل مشاورت کی گئی۔ قوائد کے مسودے پر موصول ہونے والی آراء اور تجاویز کی روشنی میں انکو حتمی شکل دے دی جائے گی۔